## سوال

(256) بعد نماز عید مصافحہ کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عید کے روز بعد نماز سب لوگ مصافحہ کرتے ہیں۔ جس سے اظہار خوشی ہوتی ہے۔ اور بعض لوگوں میں جو خفیف رنجش رہتی ہے۔ اس زریعہ سے اکثر دور ہو جاتی ہے۔ اس کو سنت سمجھ کر نہیں کرتے ہیں۔ بلکہ صرف اظہار خوشی کے لئے بعض لوگ اس کو منع کرتے ہیں۔ عید کا معانقہ مصافحہ بعد نماز کر سکتے ہیں یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مصافحہ بعد اسلام آیا ہے۔ عید کے روز بھی بنیت تکمیل سلام مصافحہ کریں تو جائز ہے بنیت خصوصی عید بدعت ہے کیونکہ زمانہ خلافت میں مروج نہ تھا۔

فتاویٰ ثنائیہ

**جلد01ص450**

محدث فتویٰ